KATHY HOCHUL گورنر

فوری ریلیز کے لیے: 3/5/2023

***مالی سال 2024 کے بجٹ کے حصے کے طور پر، گورنر HOCHUL کا ریاست بھر میں قابلِ استطاعت نگہداشتِ طفل میں توسیع کے لیے اہم اقدامات کا اعلان***

***امپائر اسٹیٹ چائلڈ کریڈٹ کے دائرہ کار کی چار برس سے کم عمر بچوں تک توسیع، جس سے تقریباً 630,000 اضافی بچوں کو معاونت حاصل ہو گی***

***500$ ملین مالیتی نئے ورک فورس ریٹینشن گرانٹ پروگرام کی تخلیق اور چائلڈ کیئر ورک فورس کی معاونت***

***آجر کی اسپانسر شدہ نگہداشت کے تعارفی پروگرام کا اجراء جو نیو یارک کے آجرین کو اپنے کارکنوں کے بچوں کو قابلِ استطاعت نگہداشتِ طفل تک رسائی فراہم کرنے کی جانب ترغیب دلائے گا***

***نگہداشتِ طفل کے لیے اہلیتی حدود میں اضافہ, نیز نگہداشتِ طفل کے معاونتی پروگرام میں شامل خاندانوں کے لیے نگہداشتِ طفل کے اخراجات کا احاطہ***

گورنر Kathy Hochul نے مالی سال 2024 کے بجٹ کے حصے کے طور پر قابلِ استطاعت نگہداشتِ طفل تک رسائی میں اضافے، ریاستِ نیو یارک کی نگہداشتِ طفل کی ورک فورس میں سرمایہ کاری اور ملازمت پیشہ خاندانوں کی معاونت کے لیے اہم اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ بجٹ امپائر اسٹیٹ چائلڈ ٹیکس کریڈٹ کا دائرہ کار چار برس سے کم عمر بچوں تک وسیع کرتا ہے؛ 500$ ملین کی سرمایہ کاری سے ورک فورس ریٹینشن گرانٹ پروگرام میں اضافہ کرتا ہے تاکہ 250,000 کے لگ بھگ نگہداشت فراہم کاران کو معاونت فراہم کی جا سکے؛ نیو یارک کے لیے ایک نیا آجر کا اسپانسر شدہ تعارفی پروگرام تخلیق کرتا ہے تاکہ کارکنوں کو اپنے آجر کے ذریعے قابلِ استطاعت نگہداشتِ طفل کی تلاش میں مدد دی جا سکے؛ اور نگہداشتِ طفل کے اخراجات کے احاطے اور اہلیتی حدود کو بڑھاتا ہے تاکہ نیو یارک کے زیادہ سے زیادہ خاندانوں کو نگہداشتِ طفل میں معاونت میں مدد دی جا سکے۔ مجموعی طور پر یہ سرمایہ کاریاں، خاندانوں کو نگہداشتِ طفل کے لیے درکار معاونت اور خدمات کی فراہمی کے ذریعے نیو یارک کے بچوں کی مدد کے حوالے سے گورنر کے لازوال عزم کی عکاسی کرتی ہیں۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "ایک ایسی فرد، جسے بچوں کی دیکھ بھال کے سستے اختیارات کی کمی کی وجہ سے اپنی پیشہ ورانہ زندگی کو روکنا پڑا، کے طور پر میں سمجھتی ہوں کہ یہ خطِ حیات خاندانوں کے لیے کتنا اہم ہے۔ "جب وبا عروج پر تھی، تو والدین اور نگہداشت فراہم کاران قابلِ استطاعت نگہداشتِ طفل کے کم امکانات کی وجہ سے اپنی نوکریاں چھوڑنے پر مجبور ہو گئے تھے اور اس وقت سے وہ اپنی نوکریوں پر واپس نہیں آئے ہیں، جبکہ تناسب کے اعتبار سے خواتین کی زیادہ بڑی شرح نوکریاں چھوڑ چکی ہے۔ یہ تاریخی سرمایہ کاری ریاست بھر میں کاروباری اداروں کو خاندانوں کی روزانہ معاونت کو بڑھانے، کام کرنے والے والدین اور نگہداشت فراہم کاران کو وہ ریلیف فراہم کرنے کہ جس کے وہ منتظر تھے، نیز نگہداشتِ طفل کے شعبے میں کیریئر رکھنے والے یا کیریئر بنانے میں دلچسپی رکھنے والوں کی بھرتیوں اور نوکریاں برقرار رکھنے کی جانب ترغیب دلائے گا۔"

**<u>والدین اور نگہداشت فراہم کاران کے لیے ٹیکس ریلیف میں اضافہ</u>**

مالی سال 2024 کا بجٹ چار سال سے کم عمر بچوں تک امپائر اسٹیٹ چائلڈ کریڈٹ (Empire State Child Credit، ESCC) کے دائرہ کار کو بڑھاتے ہوئے نیو یارک کے خاندانوں میں سرمایہ کاری کرتا ہے۔ تقریباً 630,000 اضافی بچوں کی شمولیت کے نتیجے میں یہ توسیع، کم اور درمیانی آمدن کے حامل 525,000 ٹیکس دہندہ خاندانوں کو مجموعی طور پر 179$ ملین مالیت کی حامل معاونت فراہم کرے گی۔ ESCC، جس کی 2006 میں تخلیق کے وقت سے چار سال سے کم عمر بچے اس پروگرام سے خارج تھے، اب فی متاثرہ ٹیکس دہندہ اضافی اوسطاً 340$ اور نئے شامل ہونے والے بچوں کو فی بچہ 284$ کے حساب سے ادائیگی کرے گا۔

**نیو یارک کی نگہداشتِ طفل کے ملازمین کی معاونت**

یہ بجٹ نیو یارک میں نگہداشتِ طفل کے ملازمین کی معاونت کے لیے ایک ریاستی سطح کے ورک فورس ریٹینشن گرانٹ پروگرام کی تخلیق کے ذریعے 500$ ملین مالیت کے وفاقی فنڈز جو زیرِ استعمال نہ تھے، انہیں بھی استعمال میں لاتا ہے۔ یہ فنڈنگ ورک فورس ریٹینشن گرانٹ پروگرام کے ذریعے تقسیم کی جائے گی جس سے اندازے کے مطابق 250,000 نگہداشت فراہم کاران فائدہ اٹھائیں گے۔ ورک فورس ریٹینشن گرانٹ پروگرام کے لیے مختص فنڈز پہلے سے موجود ملازمین کے لیے بونسز فراہم کریں گے، نیز نئے ملازمین کے لیے سائن ان بونس اور دیگر متعلقہ اخراجات سمیت بھرتیوں کی حکمت عملیوں کے لیے فنڈز فراہم کریں گے۔

**نیو یارک کے کارکنان کے لیے آجر کی اسپانسر کردہ تعارفی نگہداشتِ طفل**

خاندانوں اور نگہداشتِ طفل کے لیے تاریخی سرمایہ کاریوں کے حصے کے طور پر، مالی سال 2024 کے بجٹ میں 4.8$ ملین مالیت سے آجر کے اسپانسر کردہ نگہداشتِ طفل کے ایک تعارفی پروگرام کے لیے بھی سرمایہ کاری شامل ہے۔ پروگرام میں شرکت کرنے والے آجر، حکومت اور ملازمین میں نگہداشتِ طفل کے اخراجات تقسیم ہوں گے۔ اس پروگرام کے لیے اہل ہونے کے لیے خاندانوں کا ریاستی اوسط آمدن کا 85 فیصد سے 100 فیصد کے درمیان ہونا ضروری ہو گا۔ تعارفی پروگرام ریاست بھر میں تین علیحدہ خطوں میں کام کرے گا، جبکہ ریاستِ نیو یارک کا بچوں اور خاندان کی خدمات کا دفتر (New York State Office of Children and Family Services، OCFS) اس تعارفی پروگرام کے بارے میں آئندہ کی تاریخ میں مزید تفصیلات جاری کرے گا۔ مزید برآں، ریاستی سطح پر ایسے کاروباروں کے متلاشی پروگرام کی معاونت کے لیے 1$ ملین مختص کیے گئے تھے جو اپنے ملازمین کی نگہداشتِ اطفال کی ضروریات میں مزید معاونت میں دلچسپی رکھتے ہوں۔

مزید برآں، گورنر Hochul نے مالی سال 2024 کے بجٹ کے حصے کے طور پر ایک نیا ریاستی ٹیکس کریڈٹ قائم کیا جو ایسے کاروباروں کو دستیاب ہو گا جو نگہداشتِ اطفال کی نئی نشستیں تخلیق کرتے ہیں اور اپنے کارکنوں کے لیے نگہداشت طفل کے پہلے سے دستیاب امکانات میں توسیع کرتے ہیں۔ ہر سال 25$ ملین کے حساب سے دیے جانے والے اس کریڈٹ کی نگرانی ریاستِ نیو یارک کے ٹیکسیشن اور فنانس کے محکمے (Department of Taxation and Finance، DTF) اور OCFS کے ذریعے ہو گی، جبکہ نگہداشتِ طفل کریڈٹ کی تخلیق و توسیع 'آجر کے نگہداشتِ طفل پر ٹیکس کریڈٹ' کے نام سے شناخت کی جائے گی۔ نگہداشتِ طفل کی اضافی نشستیں دوبارہ ملازمت اختیار کرنے والے والدین اور نگہداشتِ فراہم کار والدین کی مدد کے لیے ضروری ہیں، ریاست میں مزدوروں کی کمی کو پورا کرتی ہیں اور پوری ریاستِ نیو یارک میں ملازمین کو موثر طور پر کام کرنے کے قابل کرتی ہیں۔

**نگہداشتِ طفل میں معاونتی اہلیت میں توسیع**

مالی بجٹ برائے سال 2024 چار برس کے دوران 7.6$ بلین فراہم کرے گا اور وفاقی قانون کے تحت آمدنی کی حد کو غربت کی حد سے 300 فیصد (یا چار افراد پر مشتمل خاندان کے لیے 83,250$) سے بڑھاتے ہوئے ریاست کی اوسط آمدنی کا 85 فیصد (یا چار افراد پر مشتمل خاندان کے لیے 93,200$) کرتے ہوئے نگہداشتِ طفل کے معاونتی پروگرام کے لیے اہلیت کو مزید وسیع کرے گا، جس سے نیو یارک کے 100,000 سے زائد اضافی خاندانوں کی معاونت ہو گی۔ نگہداشتِ طفل کے معاونتی پروگرام میں شرکت کرنے والے خاندان، نگہداشتِ طفل کے اخراجات کو غربت کی لکیر سے اوپر کی خاندان کی کل آمدن کا 1 فیصد ہوتے ہوئے بھی دیکھیں گے۔ ریاست مجاز کردہ سالانہ غیر حاضریوں کی تعداد بھی 24 سے بڑھاتے ہوئے 80 کر دے گی تاکہ مقامی ڈسٹرکٹس میں نگہداشتِ طفل کی معاونت کے لیے اہلیت کو معیاری بنایا جا سکے۔

**<u>گورنر Hochul کا نگہداشتِ طفل کا ایجنڈا</u>**

بجٹ برائے مالی سال 2024 میں گورنر Hochul کی سرمایہ کاریاں، ریاست نیو یارک میں بچوں کی دیکھ بھال کو بہتر، زیادہ قابلِ رسائی، اور زیادہ قابلِ استطاعت بنانے کے ان کے طویل ریکارڈ پر استوار ہیں۔ لیفٹیننٹ گورنر کے طور پر، گورنر Hochul نے ریاست کی بچوں کی دیکھ بھال کی دستیابی ٹاسک فورس کی شریک سربراہی کی، جس نے جدید حل تیار کرنے پر توجہ مرکوز کی جو نیو یارک میں بچوں کی معیاری، سستی دیکھ بھال تک رسائی کو بہتر بنائیں گے۔ اور بطورِ گورنر، انہوں نے نگہداشتِ طفل کے نظام کی مکمل اکھاڑ پچھاڑ کے لیے کام کیا اور اپنی نوعیت کی تاریخی سرمایہ کاریاں کیں۔ ان سرمایہ کاریوں میں شامل ہیں:

- نگہداشتِ طفل کے معاونتی پروگرام کو بہتر بنانے کے لیے چار برس کے دوران **$7.6 بلین** کی فراہمی کا عزم۔
- نگہداشتِ اطفال میں معاونت کی درخواست کو ریاست بھر میں الیکٹرانک بنانا
- اضافی غذائی معاونتی پروگرام (Supplemental Nutrition Assistance Program)، گھریلو توانائی کا امدادی پروگرام (Home Energy Assistance Program)، Medicaid، نیز خواتین، شیر خواروں اور بچوں کے لیے خصوصی اضافی غذائی پروگرام (Special Supplemental Nutrition Program for Women, Infants, and Children) میں شامل افراد کے لیے درخواستی عمل کو یکجا کرنا۔
- بچوں کی دیکھ بھال کی سہولت کو جگہ دینے والی کم آمدن کی ہاؤسنگ ٹیکس کریڈٹ کی درخواستوں کی حمایت کے ذریعے ترسیل کو فروغ دلانے کی جانب رغبت۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں